تہمینہ عباس

# اشاریۂ اردو

## انجمن ترقیٔ اردو پاکستان، کراچی

## جلد: ۹۰ـ۸۹

## شمارہ: ۱۴ـ۲۰۱۳ء

| شمار | مقالہ نگار | عنوان | صفحہ | خلاصہ | کلیدی الفاظ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | مرزا خلیل احمد بیگ | سیّد محی الدین قادری زور کا نظریۂ آغازِ زبانِ اردو | ۷ | سیّد محی الدین قادری زور وہ پہلے اردو اسکالر ہیں جنھوں نے پون صدی سے بھی قبل یورپ کی دانش گاہوں میں لسانیات کی اعلیٰ تربیت حاصل کی۔ Hindustani Phonetics اور ہندوستانی لسانیات کے نام سے دو کتابیں اور لسانیات کے موضوع پر کئی تحقیقی مقالے تحریر کیے۔ اس مقالے میں ان کے نظریۂ آغازِ زبانِ اردو کو موضوع بنایا گیا ہے۔ | محی الدین قادر زور، لسانیات، Hindustani Phonetics، ہندوستانی لسانیات، اردو زبان کے آغاز کے نظریات۔ |
| ۲ | ظفر احمد صدیقی | نسخۂ حمیدیہ: دریافت، گم شدگی بازیافت | ۲۵ | نسخۂ حمیدیہ کلام غالبؔ کا ایک نادر و نایاب قلمی نسخہ ہے جو گم ہوگیا تھا۔ اس مقالے میں نسخۂ حمیدیہ کی بازیافت کی تفصیل کے علاوہ اس نسخے کی روشنی میں غالبؔ کے بعض اشعار کے متن پر بحث کی گئی ہے۔ | ''نسخۂ حمیدیہ''، قلمی نسخہ، بازیافت، کلامِ غالبؔ، تدوینِ متن، اختلافِ نسخ۔ |
| ۳ | محمد حمزہ فاروقی | مشاہیر کے غیر مطبوعہ خطوط امین زبیری کے نام | | اس مقالے میں منشی محمد امین زبیری کی مختصر سوانح کے ساتھ ان مشاہیر کے خطوط شامل کیے گئے ہیں جن کا تعلق ندوۃ العلما اور علی گڑھ تحریک سے تھا۔ یہ خطوط محمد امین زبیری کے نام ہیں۔ ان خطوط سے منشی صاحب کے مزاج کا ایک خاص منفی پہلو بھی آشکار ہوتا ہے۔ | منشی محمد امین زبیری کی مختصر سوانح، مشاہیر کے خطوط، ندوۃ العلما علی گڑھ۔ |
| ۴ | ابرار عبد السلام | اودھ اخبار اور تفتہؔ کی وفات کی تاریخیں | ۸۴ | اس مقالے میں اودھ اخبار کی مختصر تاریخ پیش کی گئی ہے۔ منشی ہرگوپال تفتہؔ فارسی کے مسلّم الثبوت شاعر، غالبؔ کے شاگرد اور اودھ اخبار کے لکھاری تھے۔ ان کے انتقال پر اودھ اخبار کی مختلف اشاعتوں میں تفتہؔ کی وفات کی تقریباً ۳۷ تاریخیں شائع ہوئی ہیں۔ اس مقالے میں اودھ اخبار میں تفتہؔ کی وفات پر شائع ہونے والی تاریخوں کے حوالے سے تفصیلی بحث کی گئی ہے۔ | اودھ اخبار، منشی ہر گوپال تفتہؔ، وفات کی تاریخیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵ | رفاقت علی شاہد | تدوینِ کلیاتِ میرؔ کی ضرورت و اہمیت اور چند اکابر تحقیق و تنقید | ۱۱۳ | میر تقی میرؔ کو دنیا سے اٹھے دو صدیاں گزر گئی ہیں مگر ہم آج بھی میر کا وہی غیر مستند ناقص اور بعض حوالوں سے گم راہ کن کلام پڑھنے پر مجبور ہیں۔ اس مقالے میں چند اکابر تحقیق و تنقید کی آرا کی روشنی میں کلیاتِ میرؔ کی تحقیقی تدوین کی ضرورت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ | میر تقی میرؔ، کلیاتِ میرؔ، کلامِ میرؔ کا متن اور اغلاط۔ تحقیقی تدوین۔ |
| ۶ | لیلیٰ عبدی خجستہ | انیسوی صدی کی اردو لغت نویسی میں ''رجسٹر'' | ۱۲۵ | ''رجسٹر'' اور ''لیبل'' لغت نویسی کی اصطلاحیں ہیں جن میں تین عنوانات کے تحت اندراجات ہوتے ہیں۔ اس مقالے میں انیسویں صدی کی اردو لغت نویسی میں ''رجسٹر'' کے استعمال پر مفصل بحث کی گئی ہے نیز انیسویں صدی میں لغت کے اندراجات کو موضوع بنایا گیا ہے۔ | رجسٹر، لیبل، لغت نویسی، اردو لغت، انیسویں صدی میں اردو لغت۔ |
| ۷ | شوکت سبزواری/ محمد احسن خان | اردو لغت بورڈ کی لغت: فہرستِ اغلاط (ایک نادر اور غیر مطبوعہ تحریر) | ۱۴۱ | اردو لغت بورڈ کی اردو لغت (تاریخی اصول پر) کے مسودے پر ڈاکٹر شوکت سبزواری (مرحوم) نے کچھ اعتراضات کیے تھے وہ اعتراضات اس مقالے کی صورت میں یہاں شائع کیے گئے ہیں اور ان اغلاط کی ایک فہرست دی گئی ہے۔ | اردو لغت، تاریخی اصول پر، شوکت سبزواری، بورڈ کی لغت پر اعتراضات۔ |
| ٨ | سیّد خورشید علی مہر تقوی جے پوری | تذکرۂ دُرفشاں | | تذکرۂ درفشاں شعرائے تاریخ گو کا تذکرہ ہے۔ جو سید خورشید علی مہر تقوی جے پوری نے لکھا ہے۔ یہ تذکرہ قسط وار اردو میں شائع ہو رہا ہے۔ اس شمارے میں دوسری جلد کی ساتویں قسط شامل ہے۔ | تاریخ گوئی، اور کے شعرائے تاریخ گو۔ |